ایم۔ ڈی۔ رمن کا

بیٹی

گیت
راجندر کرشن

اداکاران
ششی کلا۔ بھگوان۔ شاہنواز۔ نیرالی۔ کے۔ این سنگھ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

Music By Madan Mohan

بیٹی کے گانے

گانا نمبر ۱

آئی رات برات کی آئی۔ چاند چاندنی لایا
کرنوں نے دنیا بھر میں اُجلا اُجلا فرش بچھایا
چاند چاندنی لایا

کہاں چلی ہو چوری چوری ہو ہو
گوری گوری چھیلی چھوری
قدم قدم پر رُک رُک جائے دیکھ کے اپنا سایا
ہو ہو گوری چاند...

کیوں ہوتی ہو ہنس ہنس دوہری ناچ رہی ہو چھوری
کہا نیری نیچی نظروں نے آج میں نے تجھے پایا
چاند چاندنی لایا

گانا نمبر ۲

دِل کی بات زباں پر آئے ہائے کہی نہ جائے
نازک دِل گھبرائے ہو نازک دِل گھبرائے
لاکھ تجھے جی بھر کے دیکھوں، پھر بھی جی للچائے
نازک دِل...

بن دیکھے جی چین نہ پائے دیکھا بھی نہ جائے
ڈر ہے اپنی دیکھا دیکھی دیکھ کوئی نہ پائے
نازک دِل...

نظریں پیلیں بجلی چمکے دِل سے دِل ٹکرائے

جب میں پیار سے دیکھوں تجھ کو سب سے آنکھ بچا کے
نازک دل...

گانا نمبر ۳

آئیگا وہ زمانہ جب رات ہوگی رنگیلی دن بھی سہانا سہانا
آئیگا وہ زمانہ...

دل میں خوشی ہے آنکھوں میں مستی ہونٹوں پہ نغمہ ہے آج
میں نے پہنا ہے پھولوں کا تاج

بہاروں سے کھیلوں ستاروں سے کھیلوں
زمیں آسماں کے نظاروں سے کھیلوں

ٹھوکر میں میری سارا زمانہ ساری دنیا میں میرا راج رے
میں نے پہنا...

لڑکا:۔ ذرا بولو جی کہاں چلے ہو
لڑکی:۔ جہاں آپ حضور چلے ہو
لڑکا:۔ ہم دونوں کی پیار ہے منزل
لڑکی:۔ ہم دونوں کے دل جلے ہیں
لڑکا:۔ ذرا بولو جی کہاں چلے ہو
لڑکی:۔ جہاں آپ حضور چلے ہیں

چاہے شمع ہو یا پروانہ ہے پیار تو دونوں کا دیوانہ
لڑکا:۔ یہاں بھی جلتی ہے وہاں بھی جلتا ہے
بغیر جلے کام نہیں چلتا ہے
لڑکی:۔ ارمان بھرے ہیں وہ نرالے جو سدا آگ میں پلے ہیں
دونوں:۔ ہم دونوں کی پیار ہے منزل

ہم دونوں ہی دل جلے ہیں

گانا نمبر ۸

لڑکی:۔ دل میں بسا لو پیار کرو اقرار
کبھی نہ بھولیں گے کبھی نہ بھولیں گے کبھی نہ۔۔
لڑکا:۔ ہم کرتے ہیں اقرار یہی ہر بار کبھی نہ بھولیں گے
دونوں:۔ دل میں بسا لو پیار
لڑکی:۔ دل سے دل مل جائے جیسے دم
نظر نظر کو چومے
لڑکا:۔ ارمان ہیں میرے سہانے میری دنیا جھومے
لڑکی:۔ یہ میرا تیرا میرا پیار یہ کرو۔۔۔
یہ محبت کا نذرانہ تیرا میرا پیار
لڑکا:۔ دو نظریں ملیں افسانہ کہتی ہے ہر بار
لڑکی:۔ کہتی ہے ہر بار کریں گے پیار
کبھی نہ بھولیں گے۔۔۔

گانا نمبر ۹

راہوں میں نیناں تم سے لڑے
ہم تو رہ گئے جی کھڑے کھڑے
تیری ادا نے لوٹ لیا ہے
سارے جہاں سے دور کیا ہے
پیار کے رستے دیکھو جی
ہنستے ہنستے کٹ گئے بڑے بڑے
راہوں میں۔۔۔

نظروں کا چار ہونا دو دلوں کا میل ہے
پیار جسے کہتے ہیں وہ بڑا ٹیڑھا کھیل ہے
دل چلا جائے چین بھی نہ آئے
بات کیسے آنکھ دل سے لڑے لڑے
راہوں میں۔۔۔
پیار نہ ہو تو کون جیئے گا
زہر یہ غم کا کون پیئے گا
تیر نظر کے داغ جگر کے
پیار میں کیسے موتی جڑے جڑے
راہوں میں۔

گانا نمبر ۸

ظالم ستارو انکھیاں نہ مارو
بادل آ گئے مورے بے ایمان بالما
تم تو آئے مگر وہ نہ آیا یہاں
جاؤں لے کے کہاں یہ ارمان بلما
کہاں ڈھونڈوں میں تیرا نشان بلما
ظالم ستارو۔۔۔
آنکھوں میں آ کے دل میں سما کے
جانے کہاں وہ ستمگر گیا
جلوا دکھا کے اپنا بنا کے
لے کے میرا دل وہ دلبر گیا
ساتھ لے کے گیا میری جان بلما

ظالم تمارو.....
جو لگائی ہے دِل میں، بجھا کے تو جا
جانے والے موری نیا ڈبا کے تو جا
بس اِتنی عرض موری مان بلما
ظالم تمارو...

گانا نمبر ۹

کیوں ہوا میں دِیئے جلاتا ہے
ریت پر کیوں محل بناتا ہے
آرزو ایک رنگیں دھوکا ہے
جس بھروسے پہ مسکراتا ہے
دستور یہی ہے دُنیا کا
جو پیار کرے برباد رہے
جس دِل کا جہاں آباد نہ ہو
اُس دِل میں کسی کی یاد رہے
اس پیار کی دُنیا میں کیسے کیسے دِل اُجڑ گئے ہیں
کتنی آنکھیں روتی ہیں
کتنے ارماں ناشاد رہے
دستور یہی ہے...
اُس گلشن میں کیسے کوئی آباد رہے آزاد رہے
ہر گام میں ہو ایک دام جہاں ہر دام اِک صیاد رہے
دستور یہی ہے....
ختم شد

صنعت و حرفت کے چند راز

مصنف نے اس کتاب میں اتنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ، جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابن۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۱-۱ 3 محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ ٹیڈی کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملے گا۔

قیمت صرف ۔ ۱-۱ 3 محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰ ڈیزائن دو دو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۔ ۱-۱/۲ ۲ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

سینڈووٹی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں۔ دست صاف نہیں آتا قبض بنی رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا ہوا دودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی۔ بلکہ الٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا یا آپکا کسی کام پر دل نہیں لگتا۔ یادداشت خراب ہو گئی ہے۔ ذرا سی محنت کرنے میں سانس کھینچنے لگتی ہے۔ دن رات پڑے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ فکر ڈر یا گھبراہٹ رہتی ہے۔ کمر پنڈلی اور سر میں درد رہتا ہے جسم میں خون کا بننا بند ہو گیا ہے۔ یا اسی طرح کی اور تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ آپ آج ہی سینڈووٹی منگا لیں۔ اس سے آپکی تکالیف جلد دور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرنیکی گارنٹی کا فارم ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت ۱ شیشی ۱۵ دن کا کورس ۔ ۱/۲/۳
" ۲ " ۳۰ " " " ۔ ۱/۔/۵
" ۳ " ۴۵ " " " ۔ ۱/۔/۷

محصول ڈاک معاف

نریندر اینڈ کمپنی کنجس سٹریٹ دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)